ماحول کے
تحفظ کے
لیے اہم کام

طوفانی پانی
کے تالاب
کی دیکھ بھال

طوفانی پانی کے تالاب کی بحالی کے کاموں پر آپ کے بھاری اخراجات آتے ہیں

مزید تفصیلات کے لیے، ملاحظہ کریں
brampton.ca/stormwater

اس پروجیکٹ کے بارے میں مزید معلومات کے لیے،
پبلک ورکس اینڈ انجینئرنگ ڈیپارٹمنٹ کو کال کریں:

3-1-1

BRAMPTON

طوفانی پانی کے تالاب ہمارے کس کام آتے ہیں؟

طوفان کا پانی، جسے رن آف بھی کہا جاتا ہے، یہ بارش اور پگھلی ہوئی برف ہوتی ہے جو ہماری پراپرٹیز سے ہماری سڑکوں پر اور شہر کے طوفانی پانی کی نکاسی کے نظام میں چلی جاتی ہے۔

طوفان کے پانی کی نکاسی کے نظام کے ذریعے جمع ہونے والے پانی کو یا تو براہ راست کسی دریا یا ندی میں موڑ دیا جاتا ہے یا اس کو پہلے طوفانی پانی کے تالاب میں لے جایا جاتا ہے۔

طوفانی پانی کا تالاب اس لیے تعمیر کیا جاتا ہے تاکہ یہاں پر پانی کو لایا جا سکے اور اسے عارضی طور پر ذخیرہ کیا جا سکے۔ پھر تالاب میں موجود پانی کو وقت کے ساتھ آہستہ آہستہ چھوڑا جاتا ہے تاکہ یہ سیلاب یا کٹاؤ کا سبب نہ بنے۔

طوفانی پانی کے تالاب میں طوفانی پانی کے بہاؤ کے ساتھ آنے والی آلودگیاں تالاب کے نیچے پہنچ کر بیٹھ جاتی ہیں اور ماحول میں صاف پانی خارج ہوتا ہے، جس کے نتیجے میں ہمیں اپنے ندی نالوں اور دریاؤں کی حفاظت میں مدد لتی ہے۔

تالاب کی دیکھ بھال (صفائی) میں تالاب کے نیچے سے جمع شدہ آلودگیوں کو ہٹانا شامل ہے تاکہ تالاب کی وجہ سے مقامی ندی نالوں اور دریاؤں کی حفاظت جاری رہے۔

اس قسم کی صفائی ہر **5** سے **15** سال میں ایک بار کی جاتی ہے، جس کا انحصار اس بات پر ہے کہ کسی خاص تالاب میں آلودگیاں کتنی جلدی جمع ہوتی ہیں۔